مقدمہ نمبر۔ ____________________

| | | |
|---|---|---|
| **ریاست ٹیکساس** | § | **کاؤنٹی کی عدالت میں** |
| | § | |
| **بمقابلہ** | § | **ذیل کے قانونی نمبر** _______ کے تحت |
| | § | |
| ________________________________ | § | **فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس** |

## اقرار جرم کا مواخذہ / عدم مزاحمت
## MISDEMEANOR PLEA OF GUILTY / NO CONTEST

**جرم، سزا کی حد، سمجھوتے کی درخواست۔** اب مدعا علیہ یہاں درخواست دائر کرنے سے پیشتر عدالت کو مندرجہ ذیل پیش کرتا ہے: میں دماغی طور پر تندرست ہوں اور مجھ پر__________________________________________________________ مواخذہ جرم کا الزام ہے جس کے لئے ایک جرمانہ جو $__________، سے متجاوز نہ ہو اور/یا فورٹ بینڈ کاؤنٹی جیل میں قید جس کی مدت ______________________ دنوں/مہینوں سے متجاوز نہ ہو بطور سزا عائد کی جاتی ہے۔

**حقوق کا اقرار نامہ۔** میں سمجھتا ہوں کہ مجھے یہ حق حاصل ہے کہ: جیوری کو اپنے قصوروار یا بے قصور ہونے کا فیصلہ کرنے دوں، اور، اگر مجھے قصوروار ٹھہرایا جائے، تو انہیں اپنی سزا کی جانچ کرنے دوں؛ شاہدین کو اپنے لیے گواہی دینے پر رضامند کرنے دوں، اپنے اوپر الزام لگانے والوں؛ الزام کا سامنا اور اس پر جرح کرنے دوں اور کھلی کچہری میں اپنے لیے الزام کو پڑھنے دوں؛ خاموش رہ سکوں؛ جیسا کہ ہر وہ بات میرے خلاف استعمال کی جا سکتی ہے جو میں کروں؛ اور یہ کہ اپنے وکیل کی تعیناتی کے بعد درخواست دائر کرنے سے قبل دس (10) دنوں کا وقت لے سکوں۔

**درخواست کا محدود حق۔ براہ راست اور ذیلی نتائج۔** میں سمجھتا ہوں کہ اقرار جرم یا عدم مزاحمت کی صورت میں، اور جیوری کے ساتھ سماعت کے حق سے دستبردار ہونے پر، عدالت بنا ثبوت کے سزا کا تعین کر سکتی ہے؛ اور یہ کہ اگر عدالت سزا کے تعین میں اس متفقہ تجویز سے تجاوز نہیں کرتی کہ اپنے قصوروار ٹھہرائے جانے پر سماعت سے قبل درخواست کا حق اس وقت تک تحریری طور پر اٹھائے گئے اور حتمی معاملات تک محدود کر دیا جائے گا جب تک کہ عدالت دیگر معاملات اٹھانے کی اجازت نہ دے؛ اگر پچھلے بیان کے مطابق میں "درخواست کے اس محدود حق" کو استعمال کرنے کا انتخاب کرتا ہوں، تو مجھے یہ حق حاصل ہے کہ کوئی وکیل میری نمائندگی کرے اور اگر میں مالی طور پر کسی وکیل کا بندوبست کرنے یا درخواست کا ریکارڈ رکھنے سے قاصر ہوں، تو عدالت درخواست کے استغاثے میں میری نمائندگی کے لیے ایک وکیل مقرر کرے گی؛ کہ "درخواست کے اس محدود حق" کے استعمال کے لیے میرے پاس تیس (30) دنوں کی مہلت ہے؛ کہ اگر میں کمیونٹی کے زیرنگرانی ہوں یا ضمانت پر رہا ہوں، تو یہ ممکن ہے کہ میرے اقرار جرم یا عدم مزاحمت کا نتیجہ میری کمیونٹی کی نگرانی یا ضمانت پر رہائی کی منسوخی میں نکلے جس کے نتیجے میں اضافی قید کاٹنی پڑے؛ کہ اگر مجھے قصوروار ٹھہرایا جاتا ہے، تو کسی دوسرے جرم کا موردالزام ہونے پر اس مقدمے کو میری سزا میں اضافے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؛ اور اگر قابل اطلاق ہو، تو میری ڈرائیونگ کا حق منسوخ، معطل، رد کیا؛ یا چھینا جا سکتا ہے۔

**نمائندگی۔** میں اپنے وکیل کے ساتھ اس مقدمے پر اچھی طرح سے بات کر چکا ہوں، اور اس نے میری تسلی کی خاطر ہر سوال کا جواب دیا ہے۔

**دستبرداری۔** اپنے حقوق کی مکمل سمجھ بوجھ کے ساتھ، میں دانستہ اور رضاکارانہ طور پر درج بالا حقوق میں سے ہر ایک سے دستبردار ہوتا ہوں، اور میں ریاست کی معلومات میں ہونے والے جرم میں اقرار جرم / عدم مزاحمت کا بیان دینا چاہتا ہوں۔

**درخواست۔** میں کھلی کچہری میں دانستہ اور رضاکارانہ طور پر معلومات کے اندر عائد کردہ الزام کے ضمن میں اپنے اقرار جرم / عدم مزاحمت کا بیان دیتا ہوں اور اپنے اور استغاثہ کے مابین طے شدہ بیانیہ معاہدے کی بنیاد پر، عدالت سے اس مقدمے کو فوری طور پر خارج کر دینے کی استدعا کرتا ہوں۔ میں مزید سمجھتا ہوں کہ اگر جج سمجھوتے کی درخواست کی پیروی نہیں کرتا، تو مجھے اپنی درخواست واپس لینے کی اجازت ہو گی۔ اگر میں مذکورہ بالا کاغذی کارروائی میں اقرار جرم کے لیے اندراج کروں، تو میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے اس مقدمے میں دائر کردہ، ریاستی معلومات کے اندر بیان شدہ جرم کا ارتکاب کیا ہے، اور یہ کہ ریاستی بیان کا ہر عنصر سچائی پر مبنی ہے۔

________________________________ ________________________

مدعا علیہ کے دستخط تاریخ

اس دستاویز کا انگریزی سے ______________________________میں من و عن ترجمہ کیا گیا۔

منجانب: ______________________________ ______________________________

مترجم کا نام (براہ کرم پرنٹ کریں) مترجم کے دستخط

**مشیر کا اقرار نامہ۔** میں اس مدعا علیہ سے مشورہ کر چکا ہوں جسے میں حتی المقدور قابلیت کا حامل سمجھتا ہوں اور جس پر میں نے حسب اطلاق، امیگریشن کے نتیجے سمیت یہاں شامل کردہ تمام معاملات مکمل طور پر واضح کر دیے ہیں۔

☐ **بطور تفویض کردہ مشیر. میں توثیق کرتا ہوں کہ میں نے مجرمانہ طریقہ کار کے ضابطے کے آرٹیکل 26.04(j) کے تحت اپنے فرائض انجام دیے ہیں، اور عدالت سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس کرروائی کے اختتام پر مجھے وکیل برائے ریکارڈ کی حیثیت سے مراجعت کی اجازت دی جائے۔**

مشیر کا نام (براہ کرم پرنٹ کریں) ____________________ مدعا علیہ مشیر کے دستخط / تاریخ ____________________

**استغاثہ کی رضامندی اور جیوری کی دستبرداری کی منظوری.** زیر دستخطی معاون ضلعی وکیل، ریاست ٹیکساس کی جانب سے، مدعا علیہ کی جانب سے جیوری کے ساتھ سماعت سے دستبرداری کی اجازت دیتا ہے، اس پر اتفاق کرتا ہے اور اس کو منظور کرتا ہے۔

معاون ضلعی وکیل، فورٹ بینڈ کاؤنٹی ____________________ تاریخ ____________________

اس پر میرے روبرو مذکورہ مدعا علیہ کی جانب سے ______________، 20___ کے _______ دن قسم اٹھائی اور تصدیق کی گئی۔

منجانب: ________________________________________

نائب کلرک، فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس

**قابلیت کی تحقیق کاری.** مدعا علیہ کے طرز عمل اور جوابات کی بنیاد پر، عدالت **تعین کرتی ہے** کہ مدعا علیہ ذہنی طور پر تندرست ہے اور دانستہ، بقائمی ہوش وحواس اور رضاکارانہ طور پر جیوری کی جانب سے سماعت کے حق سمیت، اوپر دیے گئے حقوق سے دستبردار ہوتا ہے؛ اور دانستہ، بقائمی ہوش وحواس اور رضاکارانہ طور پر یہ درخواست دائر کرتا ہے۔

**بندوق یا گولہ بارود رکھنے کا حق، شہریت، امیگریشن کے نتائج.** میں نے مدعا علیہ کو الزامات کی نوعیت، تمام حقوق اور اقرار جرم یا عدم مزاحمت کے نتائج سے آگاہ کیا؛ بشمول اس کے کہ: کہ اگر ٹیکساس کے خاندانی ضابطے، سیکشن 71.004 میں بیان کردہ اصطلاح کے مطابق جرم خاندانی تشدد پر مشتمل ہو تو 18 USC سیکشن 922(g)(9)، یا سیکشن 46.04(b)، ٹیکساس پینل کوڈ کے تحت، وفاقی قانون کی رو سے مدعا علیہ کے لیے ہینڈ گن، لانگ گن، یا گولہ بارود سمیت بندوق رکھنا یا خریدنا غیر قانونی ہوگا۔

☐ مدعا علیہ نے مجھے آگاہ کیا ہے کہ وہ ریاستہائے متحدہ کا یا کی شہری ہے۔

☐ مدعا علیہ نے مجھے آگاہ کیا ہے کہ وہ ریاستہائے متحدہ کا یا کی شہری نہیں ہے، اور میں نے مدعا علیہ کو متنبہ کیا ہے کہ اقرار جرم یا عدم مزاحمت کے بیان کا نتیجہ ملک بدری، اس ملک میں داخلے پر پابندی، یا وفاقی قانون کے تحت شہریت دینے سے انکار کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ مدعا علیہ اور مشیر نے اقرار جرم کے بیان پر امیگریشن کے نتائج کے بارے میں منسلکہ اقرار نامہ وصول کیا ہے، اس کا جائزہ لیا ہے اور اس پر عملدرآمد کیا ہے۔ ٹیکساس کے مجرمانہ طریقہ کار کے ضابطے کی رو سے، عدالت فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے شیرف کے دفتر اور/یا فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی سروس اور اصلاحی محکمے کویہ حکم صادر کرتی ہے کہ اگر مدعا علیہ کی درخواست ٹیکساس کے مجرمانہ طریقہ کار کے ضابطے سیکشن 2.25 کے تحت ہو تو موزوں وفاقی حکام کو اس سے باخبر کریں۔

**درخواست کی قبولیت.**

☐ عدالت **تعین کرتی ہے** کہ صوابدید کی سزا کے بامعنی اطلاق کی اجازت دینے کے لیے ریکارڈ میں کافی معلومات موجود ہیں اور مدعا علیہ نے قبل از سزا تحقیقاتی رپورٹ مرتب نہ کیے جانے کی استدعا کی ہے اور عدالت درخواست سے متفق ہے۔

☐ حقیقی عبارت کی رو سے، عدالت کے، **تلاش کردہ** مشیر کا تقرر کر دیا گیا ہے۔ مجرمانہ ضابطہ .P آرٹیکل 26.04(j)، کونسل کے مراجعت کے عمل کی **منظوری دیتا ہے**، اور فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے کلرک کو **حکم صادر کرتا ہے** کہ اس قسم کی درخواست درج کروائے جوکہ کونسل کے اقدام اور عدالتی حکم کی عکاسی کرتی ہو۔

پریذائیڈنگ جج ____________________ دستخط کیے جانے کی تاریخ ____________________

مقدمہ نمبر_______________

| | | |
|---|---|---|
| **ریاست ٹیکساس** | § | **کاؤنٹی کی عدالت میں** |
| | § | |
| **بمقابلہ** | § | **قانونی نمبر کے تحت________ ذیل کے** |
| | § | |
| ______________________ | § | **فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس** |

## ٹرائل کورٹ کی جانب سے مدعا علیہ کے حق اپیل کی توثیق*
## TRIAL COURT'S CERTIFICATION OF DEFENDANT'S RIGHT TO APPEAL*

میں، ٹرائل کورٹ کا جج، اس مجرمانہ مقدمے کی توثیق کرتا ہوں:

- ☐ مقدمہ سمجھوتے کی درخواست کا نہیں ہے، اور مدعا علیہ درخواست کرنے کا حق رکھتا ہے، [یا]
- ☐ مقدمہ سمجھوتے کی درخواست کا ہے، مگر معاملہ مقدمے سے قبل تحریری طور پر دائر کر کے اٹھایا گیا اور مقدمے سے قبل اس پر رسمی فیصلہ سنایا گیا اور نہ ہی اسے واپس لیا گیا یا نہ ہی اس سے دستبردار ہوا گیا، اور مدعا علیہ اپیل کا حق رکھتا ہے، [یا]
- ☐ مقدمہ سمجھوتے کی درخواست کا ہے، مگر ٹرائل کورٹ نے درخواست کی اجازت دے دی ہے، اور مدعا علیہ درخواست کا حق رکھتا ہے، [یا]
- ☐ مقدمہ سمجھوتے کی درخواست کا ہے، اور مدعا علیہ کے پاس درخواست کا کوئی حق نہیں، [اور/یا]
- ☐ مدعا علیہ درخواست کے حق سے دستبردار ہو گیا ہے۔

______________________ پریذائیڈنگ جج

______________________ تاریخ

میں نے توثیق نامے کی ایک نقل وصول کر لی ہے۔ مجھے اس مجرمانہ مقدمے کی کسی بھی قسم کی درخواست سے متعلق اپنے حقوق کی بابت بھی آگاہ کر دیا گیا ہے، جس میں ٹیکساس اصول برائے اپیلیٹ پروسیجر (Texas Rules of Appellate Procedure) کے اصول نمبر 68 کی رو سے صوابدیدی کے جائزے کے لیے بذات خود درخواست دائر کرنے کا حق بھی شامل ہے۔ مجھے انتباہ کیا گیا ہے کہ میرے وکیل کو عدالت مرافعہ کے فیصلے اور رائے کی ایک نقل میرے آخری معلوم پتے پر بھیجنی ہوگی اور میرے پاس عدالت مرافعہ میں صوابدیدی جائزے کے لیے بذات خود درخواست دائر کرنے کے لیے صرف 30 دن ہیں۔ عبارت حقیقی Tex. R. App. P. 68.2- میں تسلیم کرتا ہوں کہ، اگر میں اس مقدمے میں درخواست کا متمنی ہوا اور اگر مجھے ایسا کرنے کا اختیار حاصل ہوا، تو یہ میری ذمہ داری ہو گی کہ اپنے اپیلیٹ وکیل کو، بذریعہ تحریری مواصلت، اپنی موجودہ رہائش کے پتے میں کسی تبدیلی یا اپنے موجودہ قید کے یونٹ میں تبدیلی کی بابت مطلع کروں۔ میں سمجھتا ہوں کہ، اپیلیٹ کی ڈیڈ لائنز کے سبب، اگر میں بروقت اپنے اپیلیٹ اپیل کو اپنے پتے میں ہونے والی کسی تبدیلی کی بابت آگاہ کرنے میں ناکام رہا، تو میں صوابدیدی جائزے کے لیے بذات خود درخواست دائر کرنے کا موقع گنوا سکتا ہوں۔

______________________ مدعا علیہ

______________________ مدعا علیہ کا مشیر

______________________ ترسیلی پتہ

______________________ ٹیکساس کے ریاستی بار کا ID نمبر

______________________ ٹیلی فون نمبر

______________________ ترسیلی پتہ

______________________ فیکس نمبر (اگر کوئی ہے)

______________________ ٹیلی فون نمبر

______________________ ای میل (اگر کوئی ہے)

______________________ فیکس نمبر (اگر کوئی ہے)

*مجرمانہ مقدمے کے مدعا علیہ کو ان اصولوں کے تحت اپیل کا حق حاصل ہے۔ ٹرائل کورٹ ہر اس مقدمے میں مدعا علیہ کے حق درخواست کی توثیق کا اندراج کرے گی جس میں وہ اقرار جرم کے فیصلے یا دیگر قابل درخواست احکامات میں داخل ہو۔ کسی سمجھوتے کی درخواست پر مبنی مقدمے میں، جوکہ ایک ایسا مقدمہ تھا جس میں مدعا علیہ کی درخواست اقرار جرم یا عدم مزاحمت پر مبنی رہی ہو اور سزا نے استغاثہ کی جانب سے تجویز کردہ سزا سے تجاوز نہ کیا ہو اور مدعا علیہ کی جانب سے متفقہ ہو، وہاں مدعا علیہ صرف درج ذیل کی صورت میں درخواست کر سکتا ہے: (A) ان معاملات میں جو تحریری طور پر دائر کر کے اٹھائے گئے ہوں اور جن پر مقدمے سے قبل حتمی فیصلہ سنایا گیا ہو، یا (B) ٹرائل کورٹ کی جانب سے درخواست کرنے کی اجازت مل جانے کے بعد۔ ٹیکساس اصول برائے اپیلیٹ پروسیجر 25.2(a)(2)۔

مقدمہ نمبر________________

| | | |
|---|---|---|
| ریاست ٹیکساس | § | کاؤنٹی کی عدالت میں |
| | § | |
| بمقابلہ | § | قانونی نمبر کے تحت__________کے |
| | § | |
| ______________________ | § | فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس |

**حلف نامہ**

**AFFIDAVIT**

**I. آزمائشی مدت کے لئے مدعا علیہ کی درخواست**

میں، زیر دستخطی، مدعا علیہ، نتیجتاً سماعت سے قبل آزمائشی مدت کے لئے تحریری درخواست دائر کرتا ہوں، اور میں حلفیہ قسم اٹھاتا ہوں:

A. کہ میں اس جرم یا کسی اور مجرمانہ فعل کی مقدمہ بازی یا کسی بھی ایسے مواخذہ جرم میں مجرم نہیں ٹھہرایا گیا کہ جس کے لئے زیادہ سے زیادہ مجاز کردہ سزا جیل میں قید یا دو سو ڈالر (200.00$) جرمانے سے تجاوز کرتی ہو، ماسوائے ذیل کے:________________________________

________________________________________________________________________

________________________________

B. کہ مجھے ٹیکساس کے مواخذہ جرم کی آزمائشی مدت کے قانون یا کسی اور آزمائشی مدت کے قانون کے تحت گزشتہ پانچ (5) سالوں میں آزمائشی مدت کی ضمانت نہ دی گئی ہو، ماسوائے ذیل کے: ________________________________________________________

________________________________________________

C. کہ میں نے اس درخواست کو پڑھ لیا ہے اور نتیجتاً تسلیم کرتا اور سمجھتا ہوں کہ مجھے عدالت کے تقاضے اور ذیل میں مرتب کردہ کے تحت آزمائشی مدت کی ان موزوں شرائط و ضوابط کے تحت رکھا جائے گا، جس میں عدالت کی جانب سے میری نمائندگی کے لیے کوئی وکیل تفویض کیے جانے پر، میرے لیے عدالت کی جانب سے تفویض کردہ وکیل کے لیے فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی بازادائیگی بھی شامل ہے؛ اور نتیجتاً میں آزمائشی مدت کی ایسی تمام شرائط وضوابط کی پاسداری پر اتفاق کرتا ہوں۔

__________________________ مدعا علیہ کے دستخط

__________________________ تاریخ

میرے، زیر دستخطی فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس، کے کاؤنٹی کلرک کے روبرو، اس پر __________ کے دن ______________________ ________، 20____، مدعا علیہ مندرجہ بالا وضع کردہ اور نمبر شدہ مقدمے میں بذات خود حاضر ہوئے، اور، کھلی کچہری میں، میرے روبرو قسم اٹھانے کے بعد، مندرجہ بالا دستاویز پر نشاندہی کردہ جگہوں پر عملدرآمد کیا اور یہ بیان دیا کہ اس میں موجود حقائق سچے اور درست ہیں۔

**لورا رچرڈ(LAURA RICHARD), کاؤنٹی کلرک**
**فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس**

**منجانب:** ________________________________________
**نائب**

یہ **منظور کیا گیا** ___________ کے دن ______________________________، 20______-

__________________________ معاون ضلعی وکیل

__________________________ مدعا علیہ کا وکیل

مقدمہ نمبر۔ ___________________________

| | | |
|---|---|---|
| ریاست ٹیکساس | § | کاؤنٹی کی عدالت میں |
| | § | |
| مابین | § | ذیل کے قانونی نمبر________ کے تحت |
| | § | |
| ___________________________ | § | فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس |

**عدالتی نرمی کا نوٹس برائے مدعا علیان جنہیں**
**کمیونٹی کی نگرانی میں (آزمائشی مدت) پر رکھا گیا ہے**

**NOTICE OF JUDICIAL CLEMENCY FOR DEPENDANTS PLACED ON COMMUNITY SUPERVISION (PROBATION)**

آپ کو یہاں پر مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر آپ کی آزمائشی مدت کے اختتام پر عدالت یہ تعین کرتی ہے کہ آپ نے اپنی کمیونٹی کی نگرانی (یہاں جسے اب سے "آزمائشی مدت" کہا جائے گا) کی شرائط کو تسلی بخش طور پر پورا کیا ہے، اگر مخصوص تقاضے پورے کیے گئے ہوں، تو آپ عدالت سے عدالتی نرمی حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

مجرمانہ ضابطے کی کارروائی کے آرٹیکل A.70142 کے تحت، عدالت آپ کی آزمائشی مدت کو ختم کرنے میں عدالتی نرمی دینے کے لئے اپنے صوابدیدی اختیارات استعمال کر سکتی ہے اگر:

1. عدالت یہ تعین کرتی ہے کہ آپ نے اپنی آزمائشی مدت کی شرائط کو تسلی بخش طور پر پورا کیا ہے؛
2. آپ کی آزمائشی مدت پوری ہو گئی ہے، بشمول آپ کی آزمائشی مدت میں کسی بھی قسم کی ترمیم کردہ یا تبدیل کردہ شرط کے؛
3. عدالت آپ کو آزمائشی مدت سے بری کر دیتی ہے؛ اور
4. عدالت آپ کے مقدمے میں فیصلہ محفوظ کر لیتی ہے یا آپ کو اپنی درخواست واپس لینے کی اجازت دیتی ہے۔

اگر مندرجہ بالا تقاضے پورے ہوئے، تو عدالت آپ کے خلاف الزام، شکایت، معلومات، یا نامزدگی کو ختم کرنے اور آپ کو آپ کے اعتراف یا درخواست کے نتیجے میں ہونے والی تمام سزائیں اور پابندیاں منسوخ کرنے کی مجاز ہے۔ تاہم، اگر عدالت آپ کو آپ کے اعتراف یا درخواست کے نتائج کی صورت میں برخاست کرتی ہے، اگر آپ اس کے فوری بعد کسی دوسرے جرم میں قصوروار پائے جاتے ہیں، تو آپ کا اعتراف یا درخواست جج کے علم میں لائی جائے گی، اور اگر آپ نے خاندانی اور حفاظتی سروسز کے محکمے (جسے اب سے "محکمہ" کہا جائے گا) کی جانب سے جاری کردہ لائسنس کے لیے درخواست دی ہوئی یا آپ اس کے حامل ہوئے، تو محکمہ اس بات کو مدنظر رکھ سکتا ہے کہ اس سے پہلے آپ کو لائسنس جاری کرنے، اس کی تجدید کرنے، اسے رد یا منسوخ کرنے کے نتیجے میں آزمائشی مدت کا سامنا کرنا پڑا۔

دستخط شدہ _______________ 20_________ کے ________ دن۔

صدر جج
_______________________________________

**سزایافتہ مدعا علیان برائے: مخصوص جرائم جن میں شراب کا استعمال شامل ہے (سیکشنز 49.0 4-49 .08 ، CCP)، ایسا جرم جو بطور جسنی مجرم رجسٹریشن کا تقاضا کرتا ہے، یا آرٹیکل 42 CCP،A.054 میں مذکورہ کسی سنگین جرم، اس انتباہ کے مستحق نہیں ہیں اور کسی بھی جج سے عدالتی نرمی کے لئے نا اہل ہیں**

مقدمہ نمبر۔ ____________________________________

| | | |
|---|---|---|
| ریاست ٹیکساس | § | کاؤنٹی کی عدالت میں |
| | § | |
| بمقابلہ | § | ذیل کے قانونی نمبر__________ کے تحت |
| | § | |
| ________________________________________ | § | فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس |

**حکم برائے کمیونٹی نگرانی کی آزمائشی مدت**

**ORDER OF COMMUNITY SUPERVISION PROBATION**

اس پر ________________، 20_________ کے __________ دن، مدعا علیہ نے بذات خود }اور مع وکیل مختار،_____________________________________________) اور کھلی کچہری میں ______________________________________________ مواخذہ جرم کے الزام میں، اپنے **اقرار جرم / سزا کی تسلیم** کے ضمن میں درخواست دائر کی ہے، جیسا کہ معلومات میں بیان کیا گیا ہے۔ عدالت مدعا علیہ کی درخواست کو قبول کرنے، اور ریاست اور مدعا علیہ کے حق میں تمام شواہد اور کونسل کی بحث کو سن لینے کے بعد، مدعا علیہ کو ثبوت میں دی گئی معلومات میں دیے گئے بیان کے مطابق مواخذہ جرم کا مرتکب ٹھہراتی، اور مدعا علیہ کی سزا کا تعین ______________ $ کے جرمانے اور فورٹ بینڈ کاؤنٹی جیل میں __________دن کی قید سمیت، اس ضمن میں اٹھائے جانے والے تمام تر اخراجات کی ادائیگی کی صورت میں کرتی ہے۔

تاہم، عدالت پر یہ انکشاف ہو رہا ہے، کہ اس مقدمے سے قبل، مدعا علیہ نے آزمائشی مدت کے لئے عدالت میں تحریری طور پر اور حلفیہ درخواست دی؛ اور عدالت پر مزید یہ بھی انکشاف ہو رہا ہے کہ مدعا علیہ ٹیکساس کے مواخذہ جرم کی آزمائشی مدت کے قانونی تقاضوں کو پورا کرتا ہے اور یہ کہ انصاف کے تقاضے اور معاشرے اور مدعا علیہ کے بہترین مفاد کی پاسداری، مدعا علیہ کو اس معاملہ میں آزمائشی مدت مہیا کر کے ہی کی جا سکتی ہے۔

**لہٰذا، عدالت کی طرف سے یہ قرار پایا جاتا ہے، حکم دیا اور فیصلہ سنایا جاتا ہے کہ مدعا علیہ کو،** اب سے مندرجہ ذیل شرائط وضوابط کے تحت موجودہ تاریخ سے ____________ مہینوں کے دورانیے کی آزمائشی مدت پر رکھا جاتا ہے، یہ دیکھنے کے لئے: کہ آزمائشی مدت کے دوران، مدعا علیہ لازماً:

1. اس ریاست یا ریاستہائے متحدہ کی کسی دوسری ریاست کے قوانین کے خلاف کسی جرم کا ارتکاب نہ کرے؛
2. نقصان دہ اور ضرر رساں عادتوں سے دور رہے گا۔ آپ پر کوئی بھی ممنوعہ اشیاء، خطرناک منشیات، چرس یا ایسی نسخہ شدہ ادویہ جو قانونی نسخے کے ذریعے خصوصی طور پر آپ کو تجویز نہ کی گئی ہوں کو استعمال کرنے، اپنے پاس رکھنے، یا لینے کی ممانعت ہے؛
   - ☐ آپ پر نشہ آور مشروبات کو استعمال کرنے، لینے یا اپنے پاس رکھنے کی ممانعت ہے۔
3. ناشائستہ یا نقصان دہ کردار کے حامل لوگوں اور جگہوں (بشمول ایسی جگہوں پر مستقل جانے یا پائے جانے کے جہاں نشہ آور مشروبات فروخت یا پیش کیے جاتے ہوں) سے دور رہیں؛
4. موجودہ تاریخ اور ہر ماہ کی اسی تاریخ کو مذکورہ محکمے کے عمومی کاروباری گھنٹوں کے دوران فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کی نگرانی اور اصلاحی محکمے کو، بنفس نفیس یا اپنی کمیونٹی کے اصلاحی افسر کی ہدایت کے مطابق اس وقت تک رپورٹ کریں جب تک کہ آپ کو آپ کی کمیونٹی کے اصلاحی افسر کی جانب سے کوئی اور تاریخ نہ دے دی جائے۔ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کے تمام اصول و ضوابط پر عمل درآمد کریں؛
5. کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو آپ سے آپ کے گھر، جائے ملازمت یا کسی اور جگہ ملنے کی اجازت دیں؛
6. فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کے اصول و ضوابط کی پاسداری کریں۔ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کے کسی دفتر یا عمارت میں موجودگی کے دوران بدسلوکی، بدزبانی یا سکون میں خلل پیدا کرنے سے باز رہیں؛
7. کسی مناسب روزگار پر حتی المقدور ایمان داری سے کام کریں اور ہر حاضری کی تاریخ پر اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو (حصول روزگار کی تمام تر کوششوں سمیت) ملازمت کی تحریری تصدیق پیش کریں۔ ملازمت میں کسی تبدیلی کی بابت آپ کو لازماً اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو 24 گھنٹوں کے اندر مطلع کرنا ہو گا؛
8. ریاست ٹیکساس کی حدود میں قیام پذیر رہیں سوائے اس کے کہ آپ کو ریاست سے باہر جانے کے لئے اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کے ذریعے عدالت سے پیشگی تحریری اجازت موصول ہو جائے۔ اپنی رہائش گاہ تبدیل نہ کریں جب تک کہ آپ کو اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کے ذریعے عدالت سے پیشگی اجازت موصول نہ ہو؛
9. اپنے منحصرین کی کفالت کریں اور بچوں کی مالی کفالت سے متعلق عدالت کی حکم کردہ تمام ادائیگیوں کی بروقت تکمیل کرتے رہیں۔ اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو بچوں کی مالی کفالت کی ادائیگی کے متقاضی تمام عدالتی احکامات کی مصدقہ نقل فراہم کریں؛

10. موجودہ تاریخ اور اپنی آزمائشی مدت کے دوران آنے والے ہر ماہ کی اسی تاریخ کو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کی نگرانی اور اصلاحی محکمے کے عمومی کاروباری گھنٹوں کے دوران فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کی نگرانی اور اصلاحی محکمے کو 50.00$ کی فیس ادا کریں۔ تمام ادائیگیاں لازماً منی آرڈر یا کیشئر کے چیک کی صورت میں ہوں۔ ذاتی چیکس قبول نہیں کیے جائیں گے؛

11. ہر دفعہ جب آپ حاضر ہوں تو اپنے کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو درست طریقے سے مکمل اور دستخط کردہ "آزمائشی مدت کی ماہانہ رپورٹ (Probationer's Monthly Report)" پیش کریں؛

12. آپ کو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کی طرف سے شراب اور/یا منشیات کے لئے بلا ترتیب اصلی ٹیسٹ جمع کروانا ہوں گے۔ مذکورہ ٹیسٹ کی فیس آپ کو نمونہ دینے کے بعد دس (10) دنوں کے اندر فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کو ادا کرنا ہو گی؛

13. اپنی عدالتی لاگتیں مبلغ $ ____________________ کی رقم میں فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس کے کاؤنٹی کلرک کو ____________________ ، 20 __________ پر یا اس سے قبل ادا کریں،

14. فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس کے کاؤنٹی کلرک کے ذریعے ماہانہ $ ______________ کی شرح سے $ ______________________ کی رقم پر مشتمل اپنا جرمانہ ادا کریں، پہلی ادائیگی ____________________، 20 ____، کے ______________ دن کو یا اس سے قبل واجب الادا ہوگی، اور اس کے بعد جرمانے کی مکمل ادائیگی تک ہر ماہ کو اسی تاریخ پر $ ______________ کی رقم واجب الادا ہوگی؛

15. $ ______________ کی برابر اقساط میں $ ______________ رقم کی صورت میں معاوضے کی ادائیگی کریں، جن میں سے پہلی ادائیگی ______________________، 20 __________، کے دن واجب الادا ہے اور اس کے بعد مکمل ادائیگی تک ہر ماہ کو اسی تاریخ پر برابر قسط ادا کرنی ہوگی۔ مذکورہ ادائیگیاں فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کے ذریعے ادا کی جائیں گی؛

16. عدالت کی طرف سے مقرر کردہ مشیر کی فیس کے لئے فورٹ بینڈ کاؤنٹی کو معاوضے کی رقم مبلغ $ ______________، جو کہ بذریعہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس کے کاؤنٹی کلرک، بشرح $ ____________، ماہانہ پر قابل ادائیگی ہے، ______________________، 20 __________ کے __________ دن سے آغاز کرتے ہوئے، اور بعد ازاں ہر مہینے کے اسی دن پر مساوی ادائیگی کر کے ادا کریں یہاں تک کہ مکمل ادا کر دی جائے؛

17. 17. مدعا علیہ کو مقامی "انسداد جرائم" / فورٹ بینڈ کاؤنٹی مرکز خواتین (Fort Bend County Women's Center) I فورٹ بینڈ پارٹنرشپ برائے یوتھ پروگرام (Fort Bend Partnership for Youth program) I گمنام خیراتیں (Behind the Badge Charities) کو 50.00$ کی یک مشت ادائیگی کرنا ہو گی۔ مذکورہ ادائیگی ______________________، 20__________ پر واجب الادا ہے، اور فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمہ؛

18. مدعا علیہ کو مندرجہ ذیل کے مطابق __________کاٹنے ہوں گے: اچھے اخلاق کے ساتھ گزارے جانے والے وقت کے نتیجے میں ہونے والی رعایت کے بغیر فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی جیل میں قید، جوکہ

______ کو فوری طور پر/یا ____________، 20 ________ کے __________ دن سے شروع ہو گی؛ یا

ہفتے کے______اختتام جن کا آغاز ______________، 20 ______ کے ________ دن سے لے کر، ______________، 20 ______ کے ________ دن کے ______am/pm بجے تک ہوگا اور ہفتے کے ہر اختتام پر اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ سزا مکمل نہ ہو جائے؛ یا

__________ شامیں جن کا آغاز __________، 20________ کے ________ دن ______ pm سے لے کر اگلے دن ______ am تک؛ اور اس کے بعد سے ہر شام یہاں تک کہ تمام وقت کی انجام دہی مکمل ہو جائے؛

اگر مدعا علیہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی جیل میں مناسب تاریخ اور وقت پر حاضر ہونے میں ناکام رہا تو مدعا علیہ کو نوٹس دیے بغیر حکم نامہ گرفتاری جاری کیا جائے گا اور جیل کا بقیہ وقت ہفتہ وار تعطیلات یا شاموں پر نہیں بلکہ بغیر رہائی کے ہفتے کے تمام دنوں میں اس وقت تک پورا کیا جائے گا جب تک کہ سزا مکمل ہو جائے؛

19. مدعا علیہ کو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے لیے کمیونٹی سروس کی بحالی کے کوآرڈینیٹر کی جانب سے تفویض کردہ کمیونٹی کے ______________ گھنٹے ایک ایسے شرح پر مکمل کرنے ہوں گے جس کی مدت کا آغاز کم سے کم ہفتہ وار چار گھنٹوں/ماہانہ سولہ گھنٹوں سے ہوتا ہے، لیکن، اس حکم کے بعد 30 دنوں سے تجاوز نہ کرے۔ یہ گھنٹے ________________، 20 ________، کے __________ دن تک مکمل ہو جانے چاہئیں؛

20. مدعا علیہ کو اس حکم کے بعد 30 دنوں کے اندر شراب/نشہ آور دوا کا کسی ایسی ایجنسی سے معائنہ کروانا ہو گا جو اس طرح کی سروسز فراہم کرتی ہو، اور جو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی نگرانی و اصلاحات کے محکمے سے منظور شدہ ہو۔ اگر علاج کو ضروری سمجھا گیا، تو مدعا علیہ کو لازماً علاج کی کچھ اور بعض ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہو گا، منظور شدہ ایجنسی کے اصول و ضوابط کی تعمیل کرنا ہو گی اور ایسی سروسز کے لئے اٹھائے جانے والے تمام اخراجات ادا کرنا ہوں گے۔ مدعا علیہ کو مذکورہ علاج جاری رکھنا ہو گا یہاں تک کہ کامیابی سے مکمل کر لیا جائے جیسا کہ مدعا علیہ کے مشیر اور کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کی طرف سے، تحریری طور پر، بیان کیا گیا ہے؛

21. مدعا علیہ کو اس حکم کے بعد 30 دنوں کے اندر، کسی ایسی ایجنسی سے نفسیاتی معائنہ کروانا ہو گا جو اس طرح کی سروسز فراہم کرتی ہو، اور جو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے سے منظور شدہ ہو۔ اگر علاج کو ضروری سمجھا گیا، تو مدعا علیہ کو

لازماً علاج کی کچھ اور بعض ہدایات پر عمل پیرا ہونا ہو گا، منظور شدہ ایجنسی کے اصول و ضوابط کی تعمیل کرنا ہو گی اور ایسی سروسز کے لئے اٹھائے جانے والے تمام اخراجات ادا کرنا ہوں گے۔ مدعا علیہ کو مذکورہ علاج جاری رکھنا ہو گا یہاں تک کہ کامیابی سے مکمل کر لیا جائے جیسا کہ مدعا علیہ کے مشیر اور کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کی طرف سے، تحریری طور پر، بیان کیا گیا ہے؛

22. اس حکم کی تاریخ کے بعد 30 دنوں کے اندر، فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کی "خواندگی لیب" کے ذریعے ایک معائنہ کروائیں۔ اگر سیکشن 11(c) کے آرٹیکل 42.12، کے تحت درکار مہارت کا درجہ پورا نہ ہوا، تو مدعا علیہ کو اس عدالت کے جج کی طرف سے منظور کردہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے محکمے کی ہدایت پر خواندگی پروگرام میں حصہ لینا ہو گا یہاں تک کہ مطلوبہ مہارت کا درجہ حاصل ہو جائے؛

23. مدعا علیہ کو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے کاؤنٹی کلرک کو $2.50 کی ادائیگی کرنا ہو گی اگر مدعاعلیہ جرمانہ، عدالتی لاگتیں، یا وکیل کی فیس فوری طور پر ادا کرنے کے بجائے، اس حکم کے بعد 30 دنوں کے اندر اندر ادائیگی پر غور کرتا ہے؛

24. مدعاعلیہ کو متاثرہ کے نام ایک معافی کا خط لکھنا ہو گا، جس کو فورٹ بینڈ کی کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو جمع کروانا اور اس حکم کے بعد ___________ دنوں کے اندر منظور کروانا ہو گا؛ نظر ثانی شدہ۔ 0610 19

25. مدعا علیہ کو فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے ( ) ذہنی بیماری؛ ( ) کم عمر مجرم؛ ( ) نشہ آور اشیاء کے ناجائز استعمال؛ ( ) جنسی مجرم کے پروگرام میں اتنی مدت کے لئے حصہ لینا ہو گا جتنی کمیونٹی کی نگرانی و اصلاح کا محکمہ مقرر کرے گا، جو دو (2) سالوں سے زیادہ نہیں ہو گی؛

26. بذات خود، بذریعہ برقی مواصلات، تحریری طور پر، کسی فریق ثالث، یا بصورت دیگر مندرجہ ذیل سے، **کوئی رابطہ نہ رکھیں** ____________________

27. ________________________________________
________________________________________
________________________________________

آپ کو یہاں پر مطلع کیا جاتا ہے کہ اس ریاست کے قوانین کے تحت، عدالت آزمائشی مدت کے شرائط و ضوابط کا تعین کرے گی، اور آزمائشی مدت کے دوران کسی بھی وقت آزمائشی مدت کی شرائط میں رد و بدل یا تبدیلی کر سکتی ہے۔

میں، مدعا علیہ، نتیجہ ہذا کے طور پر تسلیم کرتا ہوں کہ میں نے آزمائشی مدت کی شرائط کی ایک نقل وصول کر لی ہے اور یہ کہ میرے وکیل نے شرائط واضح کر دی ہیں اور میں آزمائشی مدت کی شرائط کو سمجھ چکا ہوں، دستخط کردہ ______________________، 20 __________ کے ________ دن

____________________
صدر جج

____________________
مدعا علیہ کے داہنے انگوٹھے کا نشان

____________________
مدعیٰ علیہ کے دستخط/تاریخ

وصول کردہ منجانب:

____________________
نام/عہدہ/تاریخ

میں نے مدعا علیہ کو آزمائشی مدت کی شرائط سمجھا دی ہیں اور مدعا علیہ سمجھ چکا ہے۔

____________________ ____________________

دفاعی وکیل/تاریخ

معاون ضلعی وکیل/تاریخ

## **کمیونٹی کی نگرانی کی شرائط پر مبنی خصوصی ضمیمہ**

## SPECIAL ADDENDUM TO TERMS OF COMMUNITY SUPERVISION

_______شرط A ۔ اس حکم کے 180 دنوں کے اندر، ٹیکساس کمیشن برائے الکحل اور منشیات کا غلط استعمال، تحفظ عامہ کے شعبے، اور اپنے کمیونٹی کے نگران افسر کی جانب سے مشترکہ طور پر منظور شدہ تعلیمی پروگرام کو، کامیابی کے ساتھ مکمل کریں جو نشے کی کیفیت میں ڈرائیو کرنے والوں اور/یا غیر قانونی نشہ آور اشیاء میں ملوث رہنے والوں کی بحالی کے لئے بنایا گیا ہے، یعنی، (   ) ٹیکساس **DWI** تعلیمی پروگرام؛ (   ) ٹیکساس **DWI** عادی مجرم کے علاج کا پروگرام؛ (   ) ٹیکساس منشیات کے مجرم کے تعلیمی پروگرام؛ **اور پروگرام کی کسی بھی لاگت کے لئے ذمہ داری لیں، اور اپنے افسر کو حاضری کا قابل اطمینان تحریری ثبوت فراہم کریں؛**

_______شرط B مدعا علیہ کو تحفظ عامہ کے شعبے کی جانب سے منظور شدہ کمپنی کی طرف سے، کیمرہ کی حامل ایک **آتش گیر انٹرلاک** ڈیوائس حاصل، نصب کرنا اور برقرار رکھنا ہو گی۔ مجرمانہ عمل کے قانون کے آرٹیکل 42.12 کے سیکشن 13 (i) کی جانب سے دوسری صورت میں فراہم کردہ کے سوا، مدعا علیہ کو اس حکم کے 30 دنوں کے اندر اپنی آپریٹ کردہ ہر سواری کے اندر انٹرلاک ڈیوائس نصب کرنا ہو گی، اور مذکورہ الکحل انٹرلاک ڈیوائس کے لئے _______ ماہ تک تمام فیسیں اور لاگتیں ادا کرنا ہوں گی۔ مزید برآں، مدعا علیہ تمام اصولوں اور ضوابط کی تعمیل کرے گا چونکہ یہ امر مذکورہ الکحل انٹرلاک ڈیوائس کے حصول، نصب کرنے، بحالی اور استعمال سے متعلقہ ہوتا ہے۔ مدعا علیہ کمیونٹی کے نگرانی کے شعبے کی درخواست پر انہیں مذکورہ انٹرلاک ڈیوائس دکھانے پر متفق ہوتا ہے؛

☐ مدعا علیہ کے پاس درست ڈرائیور کا لائسنس نہ ہونے یا چلانے کے قابل موٹر کی سواری نہ ہونے کی صورت میں، شرط H درکار ہو گی اور اتنے ہی مدت اوقات کے لئے نافذ کی جائے گی جتنی کے لئے شرط B کی جانی تھی۔

_______شرط C اس حکم کی تاریخ کے 60 دنوں کے اندر، مدعا علیہ کو ٹیکساس کے تحفظ عامہ کے شعبے کی جانب سے جاری شدہ **ڈرائیور کے پابند کردہ لائسنس** کا ثبوت فراہم کرنا ہو گا، جو مدعا علیہ کو پھیپھڑوں کے گہرے سانس کے تجزیے کی تکنیک پر مبنی، موٹر گاڑی چلانے کی اجازت دیتا ہو۔ مدعا علیہ کے مذکورہ تاریخ تک ایسا کرنے میں ناکام ہونے کی صورت میں، مدعا علیہ کو فوراً اپنا موجودہ ڈرائیور لائسنس تفویض شدہ کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو جمع کروانا ہو گا اور ڈرائیونگ استحقاق اس مدت تک معطل رہیں گی جب تک کہ پابند کردہ ڈرائیور لائسنس حاصل نہ کر لیا جائے؛

_______شرط D مدعا علیہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی اور اصلاحات کے شعبے کی ہدایت پر **الکحل کے عادی بے نامی/NA/CA** کے سلسلے میں ہونے والی میٹنگز میں شرکت کرے گا اور نگران کنندہ افسر کو ہر دفتری دورے پر تصدیق فراہم کرے گا؛

_______شرط E ، مدعا علیہ کو اس حکم کی تاریخ کے 180 دنوں کے اندر فورٹ بینڈ کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کی جانب سے منظور شدہ کسی ایجنسی میں **"متاثرہ فرد پر اثر اندازی پینل"** میں شرکت اور اس کی تکمیل کرنا ہو گی اور مطلوبہ فیس ادا کرنی ہو گی؛

_______شرط F مدعا علیہ کو اس حکم کی تاریخ کے 90 دنوں کے اندر فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی اور اصلاحات کے شعبے کے ذریعے **"قید کے اعادی تعلیمی پروگرام"** میں شرکت، شمولیت اور کامیابی کے ساتھ اس کی تکمیل کرنا ہو گی؛

_______شرط G۔ مدعا علیہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی اور اصلاحات کے شعبے کی ہدایت کے مطابق درج ذیل پروگرام(پروگراموں) میں شرکت، شمولیت اور کامیابی کے ساتھ ان کی تکمیل اور مذکورہ پروگرام اس حکم کی تاریخ کے 60 دنوں کے اندر شروع کر دے گا؛

☐ **گھریلو تشدد** پروگرام کو _______________________ دنوں میں مکمل کریں

☐ **غصے پر قابو پانا** پروگرام کو _______________________ دنوں میں مکمل کریں

☐ **انسداد چوری** پروگرام کو _______________________ دنوں میں مکمل کریں

_________شرط H مدعا علیہ کو ایک ایسی کمپنی کا **داخلی انٹر لاک آلہ** جو فورٹ بینڈ کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کی جانب سے منظور شدہ ہو اپنی جائے رہائش میں اس حکم کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر _______________________دنوں کی مدت کے لئے نصب کرنا ہو گا جو_______________________، 20 ____________ پر اختتام پذیر ہو گا اور وہ لاگت کے لئے ذمہ دار متصور ہو گا؛ مدعا علیہ کو مذکورہ پروگرام کے تمام اصول و ضوابط کی پیروی کرنا ہو گی

_________شرط **I** مدعا علیہ کو درج ذیل پتے:

__________________________________________________________________ پر فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی اور اصلاحات کے شعبے کے زیر نگرانی **برقی سیٹلائیٹ نگرانی** میں گھریلو حدود کے اندر رہنا ہو گا اور 20_____ _____________________، کے _____ دن سے آغاز کر کے تمام تر اوقات میں وہاں رہنا جاری رکھنا ہو گا ماسوائے درج ذیل حالات کے، یعنی کہ: (1) کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کی جانب سے بسلسلہ ملازمت اور/یا مشاورت ملنے والی اجازت یا (2) حسب انتظام کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو رپورٹ کی فراہمی؛ اور مدعا علیہ کو اس ضمن میں مذکورہ شعبے کو درکار تمام لاگتیں اور ڈپازٹس ادا کرنا ہوں گے؛

_________شرط **J**، مدعا علیہ کو صبح _______ سے شام _______ کے اوقات میں **گھر پر عائد کرفیو** کی پاسداری کرنا ہو گی، ماسوائے دوران کام اور جس کا پیشگی ثبوت اپنی کمیونٹی کے اصلاح کار افسر کو فراہم کرنا ہو گا؛

میں، مدعا علیہ، نتیجہ ہذا کے طور پر یہ تسلیم کرتا ہوں کہ میں نے آزمائشی مدت کی شرائط کا خصوصی ضمیمہ وصول کر لیا ہے، میرے وکیل نے یہ شرائط واضح کر دی ہیں اور میں ازمائشی مدت کی تمام شرائط کو سمجھتا ہوں۔ _____20 ____________________، کے _____ دن پر اس پر دستخط کیے گئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدعا علیہ کے دستخط | تاریخ | مدعا علیہ کا وکیل | تاریخ |
| | | پریذائیڈنگ جج | تاریخ |

نظر ثانی شدہ۔ 16/ 15/09

مقدمہ نمبر________________

| | | |
|---|---|---|
| ریاست ٹیکساس | § | کاؤنٹی کی عدالت میں |
| | § | |
| بمقابلہ | § | قانونی نمبر کے تحت________ذیل کے |
| | § | |
| ________________ | § | فورٹ بینڈ کاؤنٹی، ٹیکساس |

## اقرار جرم کے نتیجے میں ہونے والے ہجرت کے نتائج کا اعتراف
## ACKNOWLEDGMENT REGARDING IMMIGRATION CONSEQUENCES OF A GUILTY PLEA

میں، ______________________________، درج بالا حوالہ شدہ معاملے میں مدعا علیہ، تصدیق کرتا ہوں کہ میں ریاستہائے متحدہ کا غیر رہائشی نہیں ہوں۔ میں توثیق کرتا ہوں کہ میرے وکیل یا امیگریشن کے وکیل نے اس مقدمہ میں مجھے اقرار جرم کرنے کے نتائج سے متعلق وفاقی قانون کی درخواست کرنے یا عدم مزاحمت کا مشورہ دیا ہے۔ ذیل میں دستخط کر کے، میں تسلیم کرتا ہوں کہ میں ذیل میں وضاحت کردہ وفاقی قانون کی درخواست کو سمجھتا ہوں؛ میں اس مقدمہ میں اپنے جرم کے اقرار سے متعلق نتائج اور قانون کو سمجھتا ہوں، اور میں عقلی، دانستہ اور رضاکارانہ طور پر اس مقدمے میں اپنے بیان پر قائم ہوں۔

**امیگریشن کے مقاصد کے تحت تمام جرائم کے اقرار اثبات جرم تصور کیے گئے ہیں**

امیگریشن اور قومیت کے ایکٹ کے تحت، ہر اقرار جرم جس میں سزا سنائی جائے ایک اثبات جرم ہے۔ چنانچہ، امیگریشن کے مقاصد کے لئے، ایک **موخر شدہ فیصلہ بھی اثبات جرم ہے۔**

**وہ تمام افراد جو ریاستہائے متحدہ کے شہری نہیں ہیں امیگریشن کے نتائج کے تابع ہیں۔**

ہر اس شخص کو ریاستہائے متحدہ سے ملک بدر کرنے کا امکان موجود ہے جو ریاستہائے متحدہ کا شہری نہ ہو۔ ریاستہائے متحدہ سے ممکنہ طور پر نکالے جانے والے افراد میں درج ذیل بلا تحدید، شامل ہیں:

- قانوناً مستقل رہائشی (یعنی، گرین کارڈ ہولڈرز)؛
- ویزا کے حامل افراد جو قانونی طور پر داخل ہوئے ہوں؛
- بناء پڑتال کے داخل ہونے والے افراد؛ اور
- وہ تمام دیگر افراد جو ریاستہائے متحدہ کے رہائشی نہیں ہیں۔

**قابل اطلاق وفاقی قانون**

درج ذیل قانون مجھ پر واضح کر دیا گیا ہے جس میں بلا تحدید، شامل ہیں: (1) USC 8 باب 12، ذیلی باب II – امیگریشن؛ (2) USC 8 §1227 – قابل ملک بدری غیر ملکی باشندے؛ (3) USC § 1229b 8 – ملک بدری کی منسوخی؛ درجے کی موافقت پذیری؛ اور (4) USC § 1182 8 – ناقابل ادخال غیر ملکی باشندے

**مدعا علیہ کا اقرار نامہ**

میں مزید توثیق کرتا ہوں کہ قابل اطلاق وفاقی قانون کے باوجود میں اب بھی اپنے **اقرار جرم/عدم اعترافی (*nolo contendere*)** بیان پر قائم ہوں کیونکہ اس مقدمے میں میرا عدالتی اعتراف سچ ہے اور کیونکہ اس مقدمے میں درخواست کی تجویز جائز اور میرے لئے قابل قبول ہے، چاہے اس کے نتیجے میں وفاقی قانون کے تحت ملک بدری، اس ملک میں داخلے کی اہلیت سے اخراج یا شہریت دینے پر تردید کا سامنا ہی کیوں نہ ہو۔

______________________ مدعا علیہ

______________________ تاریخ

**وکیل کا توثیقی بیان**

میں امیگریشن اور قومیت کے ایکٹ کے متعلقہ سیکشنز سے آگاہ ہوں، جو کہ ریاستہائے متحدہ کے ضابطے میں موجود عنوان نمبر 8 میں تدوین کردہ ہے، جو میرے موکل کی اقرار جرم یا عدم مزاحمتی بیان کے امیگریشن نتائج کی وضاحت کرتا ہے، یا میں نے متذکرہ ضابطے سے آگاہ وکیل سے مشورہ کیا ہے یا میرے موکل نے متذکرہ بالا ضابطے سے آگاہ امیگریشن کے وکیل سے مشورہ کیا ہے۔ زیر دستخطی نے ان نتائج کو مدعا علیہ پر واضح کر دیا ہے اور اسے یقین ہے کہ مدعا علیہ انہیں مکمل طور پر سمجھتا ہے، اور آزادانہ اور رضاکارانہ طور پر یہ درخواست پیش کر رہا ہے۔

______________________ مشیر/امیگریشن مشیر کا نام (براہ کرم پرنٹ کریں)

______________________ مدعا علیہ کے مشیر کے دستخط / تاریخ

اس دستاویز کا انگریزی – میں من و عن ترجمہ کیا گیا ہے ______________________ منجانب:

______________________ مترجم کا نام (براہ کرم پرنٹ کریں)

______________________ مترجم کے دستخط

مقدمہ نمبر ______________________________

کمیونٹی نگرانی کی شرائط میں خصوصی ضمیمہ
Special Addendum to Terms of Community Supervision

_____شرط AA: مدعا علیہ کی مدت نگرانی میں __________ مہینوں کا اضافہ کیا جائے گا۔ اضافی مدت کا آج کی تاریخ سے آغاز ہو گا اور مقرر کردہ تاریخ اختتام ____________،20_____ کے ______دن ہو گی۔

_____شرط BB: مدعا علیہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کے DWI کی عدالت کے پروگرام میں حاضر ہوگا، حصہ لے گا اور اس کو کامیابی سے مکمل کرے گا۔

_____شرط CC: مدعا علیہ پر نشہ آور اشیاء کے ناجائز استعمال کے ایک رسمی جائزے کو مکمل کرنا اور DWI کی عدالت کے پروگرام کے لئے تیار کردہ سہ گونہ علاج کے پروگرام سے منسلک تمام علاج کی ہدایات پر عمل کرنا لازم ہوگا۔ تفویض کردہ علاج کے پروگرام کے ساتھ منسلک فیس مدعا علیہ کی ذمہ داری ہو گی۔

_____شرط DD: مدعا علیہ کو __________ مدت کے لئے الکحل کی نگرانی کے نظاموں اور فورٹ بینڈ کی CSCD کی جانب سے ہونے والی الکحل کی نگرانی کو قبول کرنا ہو گا جبکہ نگرانی______________ دنوں کے لیے مدعا علیہ کی ذمہ داری ہو گی۔ متعلقہ فیس

_____شرط EE: مدعا علیہ کو DWI کی عدالت کے پروگرام میں تفویض کردہ کونسلر کی طرف سے کی گئی ہدایت کے مطابق الکحلکس اینانیمس (Alcoholics Anonymous) کی ملاقاتوں میں حاضر ہونا اور شرکت کرنی ہو گی اور اپنے نگرانی کے افسر کو ہدایت کے مطابق اس کی تحریری تصدیق فراہم کرنی ہو گی۔

_____شرط FF: مدعا علیہ کو DWI کی عدالت کے علاج کے پروگرام میں ہدایت کے مطابق دوسرے اور تیسرے مرحلوں کے دوران ایک دفعہ ویکٹم ایمپیکٹ پینل میں حاضر ہونا ہو گا۔

_____شرط GG: مدعا علیہ پر تفویض کردہ فیس ایک طرف رکھی جائے گی اور پروگرام کی پابندیوں کی ضرورت کے تحت لاگو کی جائے گی۔

_____شرط HH: مدعا علیہ کو کمیونٹی سروس کے سو (100) گھنٹوں کے دوران جانچا جائے گا جس پر عدالت کی ہدایت کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔ مذکورہ کمیونٹی سروس کے گھنٹے ایک طرف رکھے جائیں گے اور پروگرام کی پابندیوں کی ضرورت کے تحت لاگو کیے جائیں گے۔

_____شرط II: مدعا علیہ فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و اصلاحات کے شعبہ کی طرف سے منظور کردہ کسی کمپنی سے کیمرے سے لیس ایک الکحل انٹرلاک ڈیوائس حاصل کرے گا، اسے لگائے گا اور برقرار رکھے گا۔ مدعا علیہ اس حکم کے بعد 15 دنوں کے اندر انٹرلاک ڈیوائس ہر اس گاڑی میں لگائے گا جو وہ DWI کی عدالت کے پروگرام کی مدت میں چلائے گا۔ مزید برآں، مدعا علیہ مذکورہ انٹرلاک ڈیوائس کے حصول، لگانے، برقرار رکھنے، اور استعمال کرنے سے متعلق تمام قواعد و ضوابط پر لازماً عمل درآمد کرے گا۔ مدعا علیہ نگرانی کے افسر کو ان کے مطالبے پر مذکورہ انٹرلاک ڈیوائس ظاہر کرنے پر اتفاق کرتا ہے۔ مذکورہ آلے کی لاگت مدعا علیہ کی ذمہ داری ہے۔ اگر مدعا علیہ کے پاس کوئی درست لائسنس نہ ہو اور/یا کوئی موٹر گاڑی نہ چلا رہا ہو تو اگنیشن انٹرلاک کے بجائے ایک ان ہوم ڈیوائس کا استعمال کیا جائے گا۔

_____شرط JJ: مدعا علیہ پر فورٹ بینڈ کاؤنٹی کی کمیونٹی کے نگرانی و روابط کے محکمے کو پروگرام میں شرکت کی فیس کی ادائیگی لازم ہو گی، مذکورہ فیس $2,000 سے زیادہ نہ ہو۔

_____شرط KK: مدعا علیہ کوئی ایسی ٹھوس خوراک یا مائع استعمال نہیں کرے گا جس میں الکحل یا کوئی الکحل شوگر ایک جز کے طور پر شامل ہو یا جو استعمال کے ضمنی پیداوار کے طور پر الکحل یا الکحل شکر خارج کرتے ہوں۔ مدعا علیہ کوئی غیر نسخہ جاتی ادویہ جس میں الکحل یا الکحل کی شوگرز شامل ہوں، کا استعمال نہیں کرے گا۔ مدعا علیہ صرف الکحل سے پاک ماؤتھ واشز استعمال کرے گا۔

_____شرط LL: مدعا علیہ سے ہمہ وقت یہ تقاضا کیا جاتا ہے کہ آٹوموبائل کی بیمہ یا SR-22 برقرار رکھے جو کہ DWI کے عدالتی معالجے کے پروگرام کی مدت کے دوران اس بات سے بالاتر مکمل طور پر فعال اور مؤثر ہو کہ آیا مدعلا علیہ محکمہ ٹیکساس برائے عوامی تحفظ کی جانب سے اپنے لیے جاری کردہ لائسنس پر گاڑی چلا رہا ہے یا عدالت کی جانب سے جاری کردہ پیشہ ورانہ لائسنس پر چلا رہا ہے۔ یہ شرط ایسے مدعا علیان پر لاگو نہیں ہو گی جو DWI کی عدالت کے علاج کے پروگرام کی مدت کے دوران کوئی موٹر گاڑی نہیں چلا رہے۔ مدعا علیہ عدالت میں حاضریوں پر اور مدعا علیہ کی نگرانی کے افسر کے ساتھ تمام ملاقاتوں میں اپنی بیمہ یا بیمہ کی پالیسی کا ثبوت لانے کا پابند ہو گا۔

DWI کی عدالت کے پروگرام سے متعلقہ تمام شرائط کو شامل کرنے کے لئے مدعا علیہ کمیونٹی کی نگرانی کے تمام معیاری شرائط کو پورا کرنے کا پابند ہو گا۔

| | |
|---|---|
| تاریخ ____________________ | ____________________ مدعا علیہ |
| تاریخ ____________________ | ____________________ مدعا علیہ کا وکیل |
| تاریخ ____________________ | ____________________ صدر جج |

مقدمہ نمبر ________________________________

.S.T.E.P

مؤثر آزمائشی مدت کی طرف اقدامات
Sanctions Toward Effective Probation

DWI کی عدالت کے پروگرام کی شرائط کے تحت کسی نگرانی کے شرائط پر عمل درآمد کرنے میں آپ کی ناکامی مذکورہ پروگرام کی خلاف ورزی قرار پائے گی۔ لہٰذا آپ فوری قید سمیت ممکنہ سزاؤں کے مستحق ہوں گے۔

خلاف ورزیوں کی صورت میں مندرجہ ذیل سزائیں لاگو کی جا سکتی ہیں۔ پروگرام کی خلاف ورزیوں کی صورت میں جیل میں قید اور/یا منسوخی کی تحریک تک کی سزائیں عائد کی جا سکتی ہیں۔ پروگرام کی سزاؤں میں مندرجہ ذیل بلاتحدید شامل ہیں:

1) نگران ٹیم / جج کی طرف سے زبانی انتباہ
2) علاج کے طریقہ کار میں اضافہ
3) علاج کے منصوبے کا ٹیم کی جانب سے جائزہ
4) نشہ آور اشیاء کے ناجائز استعمال کی جانچ/ نگرانی میں اضافہ
5) قید

فورٹ بینڈ کاؤنٹی DWI کا عدالتی پروگرام اس لیے مرتب کیا گیا ہے تاکہ مجرم کو شراب کے ناجائز استعمال سے متعلقہ اپنے مسائل کا حل نکالنے کے لیے ایک جامع موقع فراہم کیا جائے۔ مذکورہ پروگرام جزوی طور پر سزاؤں، ترغیبات اور انعامات کے نظام پر چلتا ہے۔

میں نے سزاؤں کے اصول پڑھ لیے ہیں یا کسی سے اپنے لیے ان کی وضاحت کروا لی ہے۔ میں آزمائش کی شرائط میں کسی بھی تبدیلی کو سمجھتا ہوں اور اس سے اتفاق کرتا ہوں جن کا میری آزمائش کی شرائط پر عمل درآمد میں ناکامی کی صورت میں اطلاق ہو سکتا ہے۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ آزمائش کی کسی خلاف ورزی پر میری آزمائشی مدت فوری طور پر قید میں تبدیل ہو سکتی ہے یا منسوخ کی جا سکتی ہے اور یہ کہ پروگرام کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی (خلاف ورزیوں) پر مجھ پر اضافی سزائیں عائد ہو سکتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| تاریخ | مدعا علیہ |
| تاریخ | مدعا علیہ کا وکیل |
| تاریخ | نگرانی کا افسر |

کاؤنٹی کی قانونی عدالت نمبر 6
DWI کی عدالت کا مداخلتی و معالجاتی پروگرام

## معلومات دینے کی رضامندی

## Consent to Release Information

| مؤکل کا نام | تاریخ پیدائش | مؤکل کا مقصد# |
| --- | --- | --- |

یہ فارم DWI کی عدالت کے پروگرام میں آپ کی شرکت کے لئے لازم آپ کی کسی اور تمام ریکارڈز کی فراہمی کی اجازت اور/یا رضامندی ہے۔ یہ رضامندی فارم کسی بھی قسم کے ریکارڈز اور DWI کی عدالت کے پروگرام میں آپ کی پیش رفت، عدم پیش رفت پر مندرجہ ذیل کے روبرو مباحثے کی اجازت دیتا ہے:

- DWI کی عدالت کے پروگرام کے جج
- ضلعی وکیل کے دفتر
- علاج کے فراہم کنندگان
- نگرانی کا افسر

میں یہاں علاج کے فراہم کنندگان اور کمیونٹی کی نگرانی و اصلاحات کے شعبے کو اپنے ریکارڈز اور/یا معلومات کی فراہمی کا اختیار دیتا ہوں۔

ان معلومات کے انکشاف کا واحد مقصد DWI کی عدالت کے پروگرام میں میری پیش رفت یا عدم پیش رفت کی نگرانی، جائزہ اور رپورٹ کرنا ہے۔

وہ خاص معلومات جو انکشاف کیے جانے کی زد میں ہیں ان میں شامل ہیں میری حاضری، منشیات یا الکحل کے ٹیسٹ کے نتائج، پروگرام پر عمل درآمد یا عدم عمل درآمد اور DWI کی عدالت کے پروگرام میں میری شرکت سے متعلق کوئی اور تمام ریکارڈز یا معلومات۔

میں آگاہ ہوں کہ انکشاف کی جانے والی معلومات میں منشیات کے ناجائز استعمال یا انحصار، الکحل کے ناجائز استعمال یا انحصار اور کوئی ذہنی صحت کے ریکارڈز بھی شامل ہوتے ہیں۔

میں اعتراف کرتا ہوں کہ الکحل اور منشیات کے ناجائز استعمال کے میرے ریکارڈز اور/یا معلومات وفاقی رازداری کے قوانین کے ذریعے محفوظ کی گئی ہیں اور میری تحریری رضامندی کے بغیر جاری نہیں کی جا سکتی ہیں سوائے اس کے کہ کوئی دوسری صورت قوانین میں فراہم کی گئی ہو۔ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ میرے ریکارڈز اور/یا معلومات کے اجرا کی یہ رضامندی آزادانہ طور پر، رضاکارانہ طور پر، اور کسی قسم کے جبر کے بغیر دی گئی تھی اور/یا کی گئی تھی اور یہ کہ فراہم کردہ معلومات میرے بہترین علم کے مطابق درست ہیں۔ میں یہ بھی مانتا ہوں کہ میں اس اختیار کو کسی بھی وقت واپس لے سکتا ہوں، سوائے اس حد تک کے کہ اس کے مطابق کسی قسم کا اقدام لیا جا چکا ہو۔

| مؤکل کا نام | تاریخ پیدائش | مؤکل کا مقصد# |
| --- | --- | --- |

گواہ

## DWI کی عدالت کا مداخلتی و معالجاتی پروگرام مؤکل کا معاہدہ
## DWI Court Intervention and Treatment Program Client Contract

مؤکل کا نام ____________________ ____________________

پہلا آخری

سبب نمبر۔ ____________________

میں، ____________________، شریک ہونے پر اتفاق کرتا ہوں اور قانون نمبر 6 پر کاؤنٹی کی عدالت کے DWI کی عدالت کے مداخلتی و معالجاتی پروگرام کے ساتھ کام کرنے کے لیے پُر عزم ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک 3-فیز اور جاری رہنے والا حفاظتی پروگرام ہے جس کی کم از کم شرکت کی مطلوبہ مدت 12 مہینے ہیں۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ مجھے پروگرام کے کسی فیز کو مکمل یا اس کے کسی حصے کو دہرانا پڑ سکتا ہے اگر میں نے اس معاہدے کی ضروریات کی فہرست پر عمل درآمد نہ کیا ہو یا اگر میں نے عدالت مذکور کے جج کی ہدایتوں پر عمل درآمد نہ کیا ہو۔ میں مزید برآں مذکورہ پروگرام میں شرکت کرنے میں مندرجہ ذیل کی بھی پیروی کرنے پر اتفاق کرتا ہوں:

1) میں امدادی گروپس، الکحل، منشیات، اور/یا DWI کی عدالت کے پروگرام کی طرف سے ہدایت کردہ اور میرے علاج کے منصوبے میں بیان کردہ کسی دیگر علاج میں پوری طرح حصہ لوں گا۔ میں DWI کی عدالت کے نگرانی کے افسر کی طرف سے جیسا کہ تفویض کی گئی ہے، نگرانی کیے جانے پر اتفاق کرتا ہوں۔

2) میں سمجھتا ہوں کہ میں الکحل اور دیگر منشیات کے استعمال کا کھوج لگانے کے لئے مشاہدہ کردہ الکحل اور منشیات کی تحقیقات اور/یا ٹیسٹ کرنے کو قبول کرنے کا پابند ہوں اور مجھے ان نتائج کو بغیر احتجاج کے لازماً قبول کرنا ہو گا۔ منشیات کا کھوج لگانے کے لئے تحقیقات اور/یا ٹیسٹ کرنے کی تکرار اور طریقہ کار میرے نگرانی کے افسر اور DWI کی عدالت کے پروگرام کی صوابدید پر ہو گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اشیاء کے ناجائز استعمال کی تحقیق اور/یا ٹیسٹ میں جعل سازی کی کوئی کوشش کسی پابندی میں منتج ہو گی۔

3) میں تمام علاج کی میٹنگز؛ عدالت کی تاریخوں اور دیگر طے شدہ تقرریوں پر حاضر ہوں گا اور بروقت پہنچوں گا۔ اگر میں کسی علاج کی میٹنگ، عدالت کی تاریخ یا دیگر طے شدہ تقرری پر کسی بیماری یا ایمرجنسی کے باعث حاضر ہونے سے قاصر ہوں، تو تقرری کے میزبان سے فون کے ذریعے پیشگی رابطہ کرنا میری ذمہ داری ہے اور میں اپنے نگرانی کے افسر کو اپنی غیر حاضری کے سبب کی وضاحت کرتے ہوئے دستاویزات فراہم کرنے کا پابند ہوں۔ DWI کی عدالت کے پروگرام کی ٹیم کو کلی صوابدید ہوگی اس فیصلے میں کہ کیا میری غیر حاضری معقول تھی۔

4) میں سمجھتا ہوں کہ DWI کی عدالت کے پروگرام میں بھر پور شرکت میں ناکامی، عدالت میں حاضر ہونے میں ناکامی، اپنے کمیونٹی کے نگرانی کے افسر یا علاج کے فراہم کنندہ سے ملنے میں ناکامی، کسی قسم کی علاج، مشاورت، یا میٹنگ میں حاضر ہونے میں ناکامی، اور کسی اور قسم کے پروگرام کی ناکامیاں میرے خلاف پابندیوں کے اطلاق میں منتج ہوں گی، جس میں مجھے حوالات میں رکھا جانا شامل ہو سکتا ہے۔

5) میں DWI کی عدالت کے پروگرام کو اپنے تمام موجودہ پتے اور ٹیلیفون نمبر (نمبروں) کے بارے میں آگاہ کیے رکھنے پر اتفاق کرتا ہوں بشمول کسی بیپر یا سیلولر فون نمبر کے، اور یہ کہ کسی قسم کی تبدیلی پر میرے نگرانی کے افسر کو 24 گھنٹوں کے اندر لازماً رپورٹ کر دی جائے۔

6) میں اتفاق کرتا ہوں کہ میں الکحل یا کوئی ممنوعہ چیز یا غیر قانونی ادویہ کا استعمال نہیں کروں گا، نہ اپنے پاس رکھوں گا نہ ایسے لوگوں سے منسلک ہوں گا جو ان کا استعمال کرتے ہیں یا اپنے پاس رکھتے ہیں۔ میں پوست کی بیج والا کھانا نہیں کھاؤں گا، نسخے کے بغیر ادویہ نہیں لوں گا نہ دکان سے ایسی ادویہ لے کر کھاؤں گا جو اشیاء کا ناجائز استعمال کے ٹیسٹ میں مثبت نتیجے کا باعث بن سکتی ہیں۔

7) میں سمجھتا ہوں کہ DWI کی عدالت کے پروگرام کو ایسی تمام تجویزی ادویہ کی دستاویزات کی فراہمی کا ذمہ دار ہوں جو میں لے رہا ہوں۔ تجویز لازماً میرے نام پر ہونی چاہیئے۔ میں DWI کی عدالت کے پروگرام کو مطلع کرنے کا بھی ذمہ دار ہوں اگر تجاویز میں کوئی تبدیلیاں ہوتی ہیں۔

8) میں سمجھتا ہوں کہ میں DWI کی عدالت کے پروگرام کو مطلع کرنے کا ذمہ دار ہوں اگر میں غیر نسخہ جاتی دوا لے رہا ہوں اور یہ کہ وہ غیر عادی ہیں اور ان میں الکحل شامل نہیں ہے۔ میں کسی فارمیسی یا طبی ماہر سے یہ یقینی بنانے کا ذمہ دار ہوں کہ یہ ادویہ عادی بنانے والی نہیں ہیں اور ان میں الکحل شامل نہیں ہے۔

9) میں DWI کی عدالت کے پروگرام کی ٹیم کو مجھ سے ملنے میرے گھر، آس پاس کی جگہوں، جائے ملازمت یا کمیونٹی میں آنے کی اجازت دیتا ہوں۔

10) میں سمجھتا ہوں کہ مجھے علاج کے اسٹاف کے ساتھ اپنے علاج کا منصوبہ تشکیل دینے میں تعاون کرنا ہے۔ میں معلومات کے اجرا کے لئے رضامندی کے فارمز پر دستخط کرنے پر اتفاق کرتا ہوں اسٹاف کو ایسے افراد یا ایجنسیوں سے رابطہ کرنے میں مدد دینے کی خاطر جو مجھ سے میری بحالی صحت کے سلسلے میں تعاون کر سکتے ہیں۔

____________________________ مدعا علیہ

____________________________ تاریخ